# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 07 October-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۷؍اکتوبر ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ بلدی اداروں کے آئندہ انتخابات کے لیے میونسپل کونسلز اور نگر پنچائتوں کے صدور بلدیہ کے ریز رویشن کا اعلان۔

☆ ریاست میں زیادہ سے زیادہ سرمایہ کاری کے لیے وزیر اعلیٰ کی سرمایہ داروں سے اپیل۔

☆ مہاراشٹر اور ودربھ میں ''قومی ڈیری ڈیولپمنٹ بورڈ'' اور 'مدر ڈیری' کے تعاون سے ڈیری ڈیولپمنٹ پروجیکٹ کے دوسرے مرحلے پر عمل درآمد۔

☆ نئی ممبئی میں بین الاقوامی طیران گاہ کا کل وزیر اعظم کے ہاتھوں افتتاح۔

اور۔۔۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

آئندہ بلدیاتی انتخابات کے لیے کل ممبئی میں 247 میونسپل کونسلرز، اور 147 نگر پنچایتوں کے صدر کے عہدوں کے لیے ریز رویشن قرعہ اندازی کی گئی۔ اس میں 147 نگر پنچایتوں میں سے درج فہرست قبائل کے لیے 13، دیگر پسماندہ طبقات کے لیے 40 اور کھلے زمرے کے لیے 76 نشستیں مختص کی گئی ہیں۔ 33 میونسپل کونسلز درج فہرست ذاتوں کے لیے اور 67 میونسپل کونسلز دیگر پسماندہ طبقات کے لیے مختص کی گئی ہیں۔ نگر پنچایتوں کی باقی 76 نشستوں پر کھلے زمرے سے صدور منتخب ہونگے۔ اس کے علاوہ ان تمام گروپوں میں نصف نشستیں خواتین کے لیے مختص ہونگی۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع میں گنگا پور، پھلمبری اور سلوڑ کے صدر بلدیہ کے عہدے کھلے زمرے کے لیے مختص کئے گئے ہیں جبکہ کنڑ، خلدآباد اور پیٹھن کھلے زمرے کی خواتین کے لیے اور ویجاپور صدر بلدیہ کا عہدہ دیگر پسماندہ طبقات کے لیے مختص کیا گیا ہے۔

بیڑ ضلع میں بیڑ میونسپل کونسل درج فہرست ذات کی خاتون کے لیے ماجلگاؤں دیگر پسماندہ طبقات کی خاتون کے لیے، گیورائی و پرلی کھلے زمرے کی خواتین کے لیے، دھارور کھلے زمرے کے لیے اور امباجوگائی صدر بلدیہ کا عہدہ دیگر پسماندہ طبقات کے لیے مختص کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع میں 16 پنچایت سمیتیوں کے چیئرمین کے عہدوں کے لیے قرعہ اندازی آئندہ 10 اکتوبر کو ہوگی۔ جبکہ لاتور ضلع کے اودگیر، احمد پور، نیلنگا، اوسا میونسپل کونسلز اور رینا پور نگر پنچایت کے عام انتخابات کے لیے ریز رویشن کی قرعہ اندازی کل کی جائیگی۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ بنیادہ ڈھانچے کی ترقی کے باعث ریاست میں سرمایہ کاری کے لامحدود مواقع دستیاب ہیں اور سرمایہ

کاروں سے اپیل کی کہ وہ زیادہ سے زیادہ سرمایہ کاری کریں۔ 20-20 سرمایہ کاری تنظیم کے نمائندہ وفد کے ساتھ انہوں نے کل ممبئی میں ملاقات کی۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ریاستی حکومت صنعتوں کے فروغ کے ساتھ ساتھ تربیت یافتہ اور ہنر مند کاریگر تیار کرنے کے لیے کام کر رہی ہے۔ اس کے لیے بڑے پیمانے پر اسکل ڈیولپمنٹ پروگرام چلائے جا رہے ہیں۔

اسی دوران شعبۂ صنعت کی ذیلی کابینی کمیٹی کے ایک اجلاس میں وزیر اعلیٰ نے گرین اسٹیل کے سلسلے میں پالیسی وضع کرنے کی غرض سے ایک کمیٹی تشکیل دیئے جانے کی اطلاع وزیر اعلیٰ پھڑنویس نے دی۔

***** ***** *****

ودربھ کے 11 اور مراٹھواڑہ کے آٹھ اضلاع میں ڈیری ڈیولپمنٹ بورڈ اور مدر ڈیری کے اشتراک سے ڈیری ڈیولپمنٹ پروجیکٹ کے دوسرے مرحلے پر عمل آوری کی جائیگی۔ کل نئی دہلی میں مرکزی وزیر نتن گڈکری اور ریاست کی ماحولیات و بقائے مویشیاں کی وزیر پنکجہ منڈے کے مابین ملاقات میں یہ فیصلہ کیا گیا۔ یہ پروجیکٹ دودھ کی مصنوعات کی تجارت کو فروغ دینے اور نتیجتاً کسانوں کو روزگار فراہم کرنے میں نہایت اہم ہوگا۔ پروجیکٹ کے تحت کسانوں کو زیادہ دودھ دینے والی گائے اور بھینسیں دی جائے گی۔ اس ملاقات کے بعد پنکجہ منڈے نے بیڑ ضلع میں شدید بارش کے باعث ہونے والے نقصانات کی بھرپائی کے لیے اقدامات اور دوسرے ترقیاتی کاموں سے متعلق گڈکری کو ایک مطالباتی محضر پیش کیا۔

***** ***** *****

مہاراشٹر اسٹیٹ روڈ ڈیولپمنٹ کارپوریشن کے ذریعے کیے جانے والے تمام کام وقت پر معیاری اور شفاف طریقے سے مکمل کرنے کا حکم تعمیرات عامہ کی ریاستی وزیر میگھنا بورڈیکر نے دیا ہے۔ کل ممبئی میں اخبار نویسوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہر پروجیکٹ کے تکنیکی اور جغرافیائی پہلو کا مفصل جائزہ لیا گیا ہے۔ ان کاموں سے فاصلہ کم ہوگا اور وقت و اندھن کی بھی بچت کے ساتھ ساتھ سفر کو آرام دہ بنانے میں مدد ملے گی

***** ***** *****

مہاراشٹر پبلک سروس کمیشن نے کل درجۂ سوم کی سروسیز کے مشترکہ ابتدائی امتحان کا اشتہار شائع کیا ہے۔ اس کے تحت 938 عہدوں کے لیے چار جنوری 2026 کو امتحان ہوگا۔ اس کے لیے سات اکتوبر سے 27 اکتوبر کے درمیان درخواستیں دی جاسکتی ہیں۔ اس میں انڈسٹری انسپکٹر زمرے کے نو عہدے، تکنیکی معاون کے زمرے کے چار عہدے، ٹیکس معاون کے زمرے کے 73 عہدے، کلرک اور ٹائپسٹ زمرے کے 852 عہدوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔ مختلف زمروں میں 18 سے 43 سال کی عمر کے امیدوار درخواست دے سکتے ہیں۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

بہار ریاستی اسمبلی انتخابات کا پروگرام انتخابی کمیشن نے کل جاری کردیا۔ چھ اور 11 نومبر کو دو مراحل میں رائے دہی عمل میں آئے گی اور ووٹوں کی گنتی 14 نومبر کو ہوگی۔ اس الیکشن میں ووٹنگ مشینوں پر امیدواروں کی رنگین تصاویر ہونگی۔

***** ***** *****

وزیر اعظم نریندر مودی نے اشیاء و خدمات ٹیکس یعنی GST بچت اتسو کا اعلان کیا تھا۔ اس ضمن میں GST کی نئی شرح کا نفاذ 22 ستمبر سے ہو چکا ہے۔ جس کا فائدہ معاشرے کے تمام طبقات کو ہو رہا ہے۔ آج ڈالتے ہیں ایک نظر جی ایس ٹی اصلاحات کے مہاراشٹر کی معیشت پر پڑنے والے مثبت اثرات پر۔

**Report on GST Bachat Utsav**

***** ***** *****

نوی ممبئی بین الاقوامی طیران گاہ کا افتتاح کل آٹھ اکتوبر کو وزیراعظم نریندر مودی کے ہاتھوں عمل میں آئیگا۔ اس طیران گاہ سے ماہ دسمبر سے پروازوں کا آغاز ہوگا۔ یہ اطلاع مہاراشٹر شہری ترقی اور صنعتی ترقیاتی کارپوریشن کے نائب چیئر مین اور مینجنگ ڈائریکٹر وجے سنگھل نے دی۔ اس طیران گاہ کو 30 ستمبر کو ڈائریکٹوریٹ جنرل آف سول ایوی ایشن سے اجازت نامہ مل گیا ہے۔

***** ***** *****

ریاست کے سرکاری صنعتی تربیتی اداروں کے جدید اور روایتی قلیل مدتی نصاب کی پہلی بیچ کا افتتاح وزیراعظم نریندر مودی کے ہاتھوں ہوگا۔ ہنرمندی۔ ترقی۔ آنتر پرینرشپ کے وزیر منگل پربھات لوڈھا نے کل ایک اخباری کانفرنس میں یہ اطلاع دی۔ ریاست بھر میں 600 مقامات پر یہ افتتاحی پروگرام منعقد کیے جائیں گے۔ اس اقدام کے تحت ڈھائی ہزار سے زائد بیچوں میں تربیت شروع ہوگی۔ ناندیڑ میں تمام اسکولوں کے اساتذہ۔ کالج کے عملے۔ طلبہ۔ سرپرست اور مختلف اداروں کے ملازمین سے اس تقریب میں شرکت کی اپیل سری گرو گوبند سنگھ جی سرکاری صنعتی تربیتی ادارے کے پرنسپل سچن سوریہ ونشی نے کی ہے۔

***** ***** *****

بیڑ تعلقے میں کپل دھارواڑی میں زمین کھسکنے کی سنگین صورت حال کے بارے میں رابطہ وزیر اجیت پوار نے انتظامیہ کو ضروری ہدایات جاری کیں ہیں۔ این سی پی کے بیڑ اسمبلی صدر ڈاکٹر یوگیش شر ساگر نے کل اجیت پوار سے ملاقات کر کے اس مسئلے کی سمت ان کی توجہ مبذول کروائی ہے۔ اس دوران بیڑ شہر کے قریب کام کھیڑہ میں مجوزہ ایرپورٹ کی جگہ کا کل انڈین ایئرپورٹ اتھاریٹی اور ریاستی ائیرپورٹ ڈیولپمنٹ کارپوریشن کے عہدے داروں نے دورہ کر کے معائنہ کیا۔

***** ***** *****

پربھنی ضلع کے پاتھری اسمبلی حلقے کے متاثرہ افراد کے لیے خصوصی مالیاتی پیکیج کا اعلان کرنے کا مطالبہ رکن اسمبلی راجیش سیٹیکر اور ڈاکٹر رتنا کر گٹے نے وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس سے کیا ہے۔ اس خصوص میں کل ان رہنماؤں نے ممبئی میں وزیراعلیٰ سے ملاقات کی۔

***** ***** *****

شدید بارش سے متاثرہ کسانوں کو نقصان کا معاوضہ دلوانے کے لیے سڑکوں پر اترنے کا انتباہ این سی پی شرد پوار گروپ کے ریاستی صدر ششی کانت شندے نے دیا ہے۔ وہ کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں صحافیوں سے گفتگو کر رہے تھے۔ اس موقع پر انہوں نے ریاستی حکومت کے انتظامی امور پر سخت تنقید کی۔

***** ***** *****

پربھنی شہر اور اس کے اطراف میں کل صبح زوردار بارش ہوئی۔ پربھنی میں ایک ہی دن میں کل 98.2 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔ یہ اطلاع وسنت راؤ نائیک مراٹھواڑہ زرعی یونیورسٹی شعبۂ موسمیات نے دی۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ بلدی اداروں کے آئندہ انتخابات کے لیے میونسپل کونسلز اور نگر پنچائتوں کے صدور بلدیہ کے ریزرویشن کا اعلان۔

☆ ریاست میں زیادہ سے زیادہ سرمایہ کاری کے لیے وزیراعلیٰ کی سرمایہ داروں سے اپیل۔

☆ مہاراشٹر اور ودربھ میں ''قومی ڈیری ڈیولپمنٹ بورڈ'' اور 'مدر ڈیری' کے تعاون سے ڈیری ڈیولپمنٹ پروجیکٹ کے دوسرے مرحلے پر عمل درآمد۔

اور۔۔۔☆ نئی ممبئی میں بین الاقوامی طیران گاہ کا کل وزیراعظم کے ہاتھوں افتتاح۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****